# ہدایات برائے جلسہ سالانہ برطانیہ

**امسال جلسہ سالانہ انگلستان انشاء اللہ مورخہ 28 جولائی تا 30 جولائی 2017 مندرجہ ذیل مقام پر منعقد ہوگا:**

Hadeeqatul Mahdi (Oakland Farm), Green Street, East Worldham, Alton, Hampshire, GU34 3AU, UK

مزید معلومات بذریعہ انٹرنیٹ /http://www.jalsasalana.org.uk سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ جرمن شہریت رکھنے والوں کو تو انگلستان کے ویزا کی ضرورت نہیں ہوتی۔ البتہ جن کے پاس نیلے اسائلم یا پاکستانی پاسپورٹ پر جرمنی کا طویل المیعاد (ایک سال یا اُس سے زائد) ویزا ہے اُن کو جرمنی سے برطانیہ کا ویزا لے کر جانا ہوگا۔ **جرمنی میں برطانوی قونصل خانے میں ویزا سیکشن نہیں ہے۔ تمام درخواستیں اور پاسپورٹ لندن بھجوائے جاتے ہیں۔ گرمیوں کی چھٹیوں کی وجہ سے بھی ویزوں کی درخواستوں پر کارروائی میں زیادہ وقت لگتا ہے۔ اس لئے آپ سے درخواست ہے کہ مندرجہ ذیل ہدایات اچھی طرح ذہن نشین کرلیں اور مکرر اعلانات اور ٹیلی فون کے ذریعہ متوقع درخواست دہندگان تک اس تاکید کے ساتھ پہنچا دیں کہ وہ فوری طور پر ویزے لگوالیں۔ خاص طور پر جرمن شہریت رکھنے والوں کے غیر جرمن خاوند، بیوی یا بچے فوری طور پر بغیر فیس والے Family Permit ویزے لگوا سکتے ہیں کیوں کہ اس سال سے اُن کو جماعتی دعوت ناموں کی ضرورت نہیں ہوگی۔**

## اس سال طریقِ کار میں ہونیوالی چند اہم تبدیلیاں

**۱۔ بغیر فیس والے Family Permit ویزے کے لئے جماعتی دعوت نامے کی ضرورت نہ ہوگی۔**

**۲۔ فیس والے وزٹ ویزا کے لئے Standard Visitor Visa کا نیا Online فارم پُر کرنا ہوگا۔ پُرانا Online فارم بھی فی الحال قبول کیا جارہا ہے مگر ان ہدایات میں صرف نئے فارم کے حوالے سے معلومات دی گئی ہیں۔**

**۳۔ کسی بھی قسم کے ویزے کے لئے ویزا فارم پر درخواست دہندہ کی تصویر نہیں لگانی ہوگی۔ اب یہ تصویر VAC میں اُتاری جائے گی۔**

**۴۔ ویزا فارم کے ساتھ پیش کئے گئے تمام کاغذات VAC میں Scan کر کے واپس کردیئے جائیں گے۔ پیش کئے جانے والے اصل کاغذات یا فوٹو کاپیوں کے ساتھ Stampling Pins وغیرہ نہیں لگے ہونے چاہیئے تا کہ Scanning میں وقت نہ ہو۔ البتہ Paper Clip سے سیٹ بنا سکتے ہیں۔**

**۵۔ Courier چارجز (-,Euro 30) ویزا فارم جمع کرواتے وقت VAC میں بھی بذریعہ Credit Card یا Girokarte ادا کئے جاسکتے ہیں۔**

**۶۔ اس سال سے ریجنز Schleswig-Holstein اور Niedersachsen-Nord اور لوکل امارت Hamburg کے افرادِ جماعت کو بھی دعوت نامے مرکز سے ہی جاری کئے جائیں گے۔ اس لئے اُن کی فہرستیں شعبہ امورِ خارجہ فرینکفرٹ کو ارسال کی جائیں۔**

## عمومی معلومات

☆ **امسال بھی تمام ویزے Online اپلائی کئے جائیں گے۔ اگر فیس والے ویزے ہیں تو ویزا فیس بھی Online بذریعہ Credit Card یا Paypal ادا کی جائے گی۔** صدرانِ جماعت اپنی جماعت میں فوری طور پر موزوں افراد پر مشتمل ایک کمیٹی بنا دیں جس کے ایک ممبر مقامی قائد خدام الاحمدیہ ہوں۔ یہ کمیٹی Online ویزا اپلائی کرنے کے سلسلہ میں ضرورت مند افرادِ جماعت کی معاونت کرے گی۔ عند الضرورت قائد صاحب تعلیم یافتہ خدام مہیا کریں گے۔ **جن احباب کے ویزے گزشتہ سالوں میں مسترد ہو کر دوبارہ نہ لگے ہوں وہ امسال اپلائی کرنے سے پہلے شعبہ امورِ خارجہ سے مشورہ کرلیں۔**

☆ ویزوں کے حصول کے طریقِ کار کے متعلق تفصیلی ہدایات ویب سائٹ: https://www.visa4uk.fco.gov.uk سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔ البتہ چند اہم نکات یہاں درج کیے جاتے ہیں: امسال بھی ویزا کی درخواست ہر درخواست دہندہ کو انفرادی طور پر کسی ایک Visa Application Centre (VAC) میں خود جا

گزشتہ سال Fingerprint دے چکے ہیں)۔ اِس کے لئے برطانوی حکام کی طرف سے Düsseldorf, Berlin, München میں VAC قائم ہیں جن کے موجودہ ایڈریس اِس اعلان کے آخر میں درج کردیئے گئے ہیں۔ یہ بھی نوٹ فرمالیں کہ جب 16 سال سے کم عمر بچوں کے Fingerprints لئے جارہے ہوں تو اُس وقت اُن کے والد/والدہ یا کسی ذمہ دار بڑے کا ساتھ ہونا لازم ہے۔ **اسی طرح والدین کے ساتھ سفر کرنے والے بچوں کے لئے بھی الگ فارم پُر کرنا ہوگا خواہ اُن کا اندراج والدین کے پاسپورٹ پر ہی کیوں نہ ہو۔**

☆ **اِس سال سے تمام کاغذات Scan کرنے کے بعد آپ کو واپس کردیئے جائیں گے۔ کاغذات اچھی حالت میں ہونے چاہئیں تا کہ Scan کئے جاسکیں۔ جو کاغذات A4 سائز کے نہ ہوں یا اچھی حالت میں نہ ہوں اُن کی A4 سائز کی فوٹو کاپیاں ساتھ لے کر جائیں۔** ویزے لگنے کے بعد پاسپورٹ بذریعہ Courier درخواست دہندہ کو بھجوادیئے جائیں گے۔ ویزا کی درخواست پر کارروائی کا عرصہ 15 سے 30 دِن یا زائد ہوگا۔ جن احباب وخواتین کو انٹرویو کے لئے بلایا جائے گا ان کو انٹرویو کی اطلاع براہ راست اسی ایڈریس پر آئے گی جو ویزا فارم میں درج ہوگا۔

☆ طریقِ کار کے مطابق پہلے online ویزا اپلائی کریں۔ اس مقصد کے لئے Firefox 7.0, Google Chrome 15.0 or Internet Explorer 7 یا اِن سے نئے Version استعمال کریں۔ پھر متعلقہ VAC میں درخواست جمع کرانے کے لئے Online Appointment لیں (اور فیس والے ویزوں کی فیس Online ادا کریں)۔ پھر پُر شدہ فارم کو print کرکے اُس پر دستخط کریں۔ اور Appointment Confirmation پرنٹ کرکے ساتھ لے کر جائیں۔ تمام درخواست دہندگان کی الگ الگ Appointment لینی لازم ہے خواہ وہ سب ایک ہی پاسپورٹ پر ہوں۔ ویزا فارم میں درج آپ کے email ایڈریس پر اس کے بارے میں اطلاع دی جائے گی۔ Online ویزا اپلائی کرنے کے بعد پُر شدہ Printed ویزا فارم 60 دِن کے اندر اندر متعلقہ VAC میں جمع کرانا ضروری ہے۔ پاسپورٹ اور اُس پر جرمنی کا رہائشی ویزا دونوں متوقع تاریخِ سفر کے بعد کم از کم 6 ماہ کیلئے Valid ہونے چاہیئے۔

☆ **ویزا دینا یا نہ دینا متعلقہ برطانوی حکام کا صوابدیدی اختیار ہے۔ اس لئے ویزا فارم میں درج تمام سوالات کے جواب دینے ضروری ہیں کیونکہ ویزا فارم نامکمل یا جوابات درست نہ ہونے کی صورت میں درخواست مسترد ہوسکتی ہے۔ مثلاً اگر ماضی میں کسی کا برطانیہ کا ویزا مسترد ہوا تھا تو یہ بتانا لازمی ہے کہ ایسا ہوا تھا خواہ اُس کے بعد کتنے ہی ویزے لگ چکے ہوں۔** اِسی طرح بعض اوقات ملازمت اور آمد وخرچ سے متعلق سوالات کے جوابات یا تو دیئے نہیں ہوتے اور دیئے بھی ہوں تو نامکمل یا غلط ہوتے ہیں۔ آمد کی مَد میں Netto آمد ہی درج کریں۔ خرچ کی مَد میں Living costs سے مراد مکان کا کرایہ اور پانی، بجلی، گیس اور ٹیلی فون وغیرہ کے بِل ہوتے ہیں۔ اِسی طرح سفر اور برطانیہ میں قیام کے دوران خرچ کے لئے موجود رقم متعلقہ سوال کے جواب میں درج کرنا ضروری ہے۔ درج کردہ رقم کا بنک میں بھی ہونا لازم ہے۔ اگر کوئی درخواست دہندہ ملازمت نہیں بھی کررہا تو بھی اُس کو Kindergeld یا Sozialgeld, Arbeitlosengeld, Rente, BAföG وغیرہ کی شکل میں جو آمد ہوتی ہے اُسے متعلقہ ویزا فارم میں اِس بارے میں پوچھے گئے سوالات کے مطابق درج کیا جاسکتا ہے۔ اگر فیملی کا مشترکہ Bescheid ہے تو درخواست دہندہ ویزا فارم میں صرف اپنی Social Help اور اپنے حصے کی Living Costs درج کرے۔ جن طالب علموں کو BAföG مل رہا ہے وہ اُسے آمد کے طور پر درج کریں۔ اس کے علاوہ اگر کسی اور ذریعے سے بھی آمد ہورہی ہے تو اُسے بھی درج کریں۔

برطانیہ جانے کی وجہ کے طور پر To attend Ahmadiyya Convention UK اور میزبان کے نام کے طور پر Ahmadiya Muslim Association UK اور ایڈریس 181 London Road, Morden, Surrey, SM4 5PT اور ٹیلی فون نمبر 0044208-687-7813 اور Email: ajs@ahmadiyya.org.uk تحریر کریں۔ جماعت احمدیہ برطانیہ کی طرف سے میزبانی کا عرصہ 20 جولائی سے 04 اگست 2017 تک ہوگا۔ لہٰذا درخواست فارم میں درج کردہ برطانیہ میں متوقع قیام کی مدت میزبانی کے عرصہ سے تجاوز نہیں کرنی چاہیے۔

ویزا فارم میں بچوں کے سفر کے سلسلہ میں متعدد سوالات پوچھے گئے ہیں۔ اُن کے جواب دینے بھی لازمی ہیں۔ صرف اُن غیر شادی شدہ Dependent بچوں کے کوائف لکھنے ہوتے ہیں جو آپ کے ساتھ رہتے ہوں۔ اگر والدین کے بارے میں پوچھے گئے سوالات کا کوئی جواب معلوم نہیں تو Not known لکھ دیں۔

اپنے Registeration Number کے جواب میں Bundeszentralamt für Steuren سے ملنے والا اپنا Persönliche Identifikationsnumber تحریر کریں۔ اور Social Insurance Number کے جواب میں Deutsche Rentenversicherung کی طرف سے ملنے والے Ausweis پر درج اپنا Versicherungsnummer تحریر کریں۔

# (1) FAMILY PERMIT VISA (WITHOUT FEE)

**جرمن شہریت رکھنے والوں کے غیر جرمن خاوند، بیوی یا بچوں کو جن کے پاس پاکستانی یا نیلے اسائلم پاسپورٹ پر طویل المیعاد یا مستقل جرمن رہائشی ویزا ہو تو اُنہیں برطانیہ کا چھ ماہ کا Multiple ویزا (Family Permit) بغیر فیس کے مل سکتا ہے بشرطیکہ وہ جرمن شہریت رکھنے والے کے ساتھ برطانیہ جائیں۔ اس کے لئے ویزا فارم میں اکٹھے سفر کرنے کے بارے میں ایک سوال ہے، جس کا جواب Yes میں دینا ضروری ہے ورنہ ویزا Reject ہو جائے گا۔ (یہ بھی نوٹ فرمالیں کہ جرمن بچوں کی بنیاد پر والدین یا کسی رشتہ دار کو یہ Family Permit مفت ویزا نہیں مل سکتا)۔** اگر آپ بغیر فیس والے Family Permit ویزا کے شرائط پوری کرتے ہیں اور حاصل کرنا چاہتے ہیں تو مندرجہ ذیل طریقے سے اپلائی کریں:۔

Online Visa Application کے لئے https://www.visa4uk.fco.gov.uk/ استعمال کریں۔ اگر آپ کا یا فارم پُر کرنے والے کا پہلے سے اِس ویب سائٹ کو استعمال کرنے کا Account نہیں ہے تو پہلے Register an Account پر کلک کر کے Account بنائیں اور پھر Log in کر کے مندرجہ ذیل طریقہ سے ویزا فارم تک پہنچیں۔ اگر خود فارم پُر کر رہے ہیں تو Apply for myself کلک کریں، اگر کسی کے لئے فارم پُر کر رہے ہوں تو Apply for someone else کلک کریں۔ درخواست دہندہ کے کوائف درج کرنے کے بعد Reason for visit میں **Other** اور Visa type کے Menu میں **EEA/Swiss Family Member** اور Sub visa type کے Menu میں **Family Member of EEA National** کا انتخاب کریں اور فارم پُر کرنا شروع کر دیں۔

جہاز، فیری یا ٹرین ٹکٹ والے سوال کے بعد دو سوال برطانیہ میں Accommodation اور Living Cost کے بارے میں ہیں اُن کے جواب کے طور پر BY HOST تحریر کریں۔ اگر کوئی درخواست دہندہ ملازمت نہیں بھی کر رہا تو بھی اُس کو Sozialgeld, Arbeitlosengeld, Rente, Bafüg یا Kindergeld وغیرہ کی شکل میں جو آمد ہوتی ہے اُسے مندرجہ ذیل طریقے سے درج کیا جا سکتا:

Do you have savings, property or other income, for example stocks and shares کے سوال کے آگے Yes پر کلک کریں، Please enter details کے نیچے Add کا بٹن دبائیں، Total Monthly Income From کے dropdown menu میں Public funds or benefits کو select کریں اور Amount in GBP پاؤنڈ میں کل رقم درج کر کے Add کا بٹن دبائیں۔

ویزا فارم کے آخر پر Confirm Application اور Submit Application کرنے کے بعد Declaration کے Signature والے ڈبے میں درخواست دہندہ کا نام ٹائپ کریں۔ اُس کے بعد Appointment لینی ہے۔ Appointment Type میں Standard (Incl. Priority Appointment) کا انتخاب کریں۔

جس کے بعد ویزا فارم کے اُس صفحے کے نیچے دیئے گئے TLScontact کے لنک (https://uk.tlscontact.com/de/splash.php) پر جا کر اگر پہلے سے Account نہیں ہے تو Create an account پر کلک کر کے Account بنا کر log in ہوں اور Courier چارجز (Euro 30.00) ادا کریں۔ یہ Courier چارجز ناقابلِ واپسی ہیں جو ہر چھوٹے بڑے کو ادا کرنے ہوں گے خواہ اس کی عمر ایک دن ہی کیوں نہ ہو۔ (مثلاً جلسہ پر جانے والے کسی بچے کا اندراج والدہ یا والد کے پاسپورٹ پر ہے تو والد یا والدہ کے علاوہ اس بچے کی طرف سے بھی تمام مذکورہ چارجز ادا کرنے ہوں گے)۔

## Family Permit Visa کے لئے مندرجہ ذیل اصل کاغذات اور ان کی کاپیاں فارم کے ساتھ لے کر جائیں

**(۱) اصل پاسپورٹ اور اُس کے کوائف والے صفحات کی A4 سائز میں ایک کاپی۔ اسی طرح Aufenthaltstitel کا اصل کارڈ اور اُس کی A4 سائز میں ایک کاپی۔**

**(۲) جرمن شہریت رکھنے والے کا اصل جرمن Ausweis یا Passport یا مصدقہ نقول اور A4 سائز میں کاپیاں۔**

**(۳) مقامی Rathaus سے اکٹھے رہنے کے ثبوت کے طور پر Haushaltsbescheinigung جو ایک ماہ سے زیادہ پرانی نہ ہو۔**

(۴) جرمن شہریت رکھنے والے کے ساتھ رشتہ کا ثبوت یعنی نکاح فارم یا انگریزی میں بنا ہوا ربوہ کا میرج سرٹیفکیٹ یا Familienbuch بمعہ انگریزی ترجمہ۔ اگر نکاح فارم اُردو میں ہو تو ساتھ انگریزی مصدقہ ترجمہ بھی درکار ہوگا۔ شادی کے ثبوت کے طور پر مذکورہ دستاویزات کے علاوہ کوئی اور دستاویز مثلاً Notar کا مصدقہ بیان پیش کیا جائے تو انگریزی ترجمہ بھی ساتھ ہو۔ اگر درخواست دہندگان بچے ہیں تو اُن کے برتھ سرٹیفکیٹ فارم کے ساتھ لگانے ہوں گے۔ اگر برتھ سرٹیفکیٹ اردو میں ہوں تو اُن کا انگریزی ترجمہ ساتھ ہونا ضروری ہے۔

## (2) STANDARD VISITOR VISA (PAID)

جلسہ سالانہ کے لئے عام طور پر صرف 6 ماہ کا ویزا دیا جاتا ہے۔ بعض دوست چھ ماہ کی بجائے ایک سال یا اُس سے زائد میعاد کے خانہ میں کلک کر دیتے ہیں جو دُرست نہیں ہے۔ چھ ماہ سے زائد ویزا کی فیس اور قواعد وضوابط مختلف ہیں اس لئے Online Visa Application میں مندرجہ ذیل طریقہ سے صرف چھ ماہ کا ویزا ہی اپلائی کریں:۔

Online Visa Application کے لئے https://www.visa4uk.fco.gov.uk/ استعمال کریں۔ یہ ویب سائٹ کھولتے ہی سکرین پر ایک جامنی رنگ کا بڑا ڈبہ سامنے آئے گا جس میں چھ ماہ کے وزٹ ویزا کے لئے نئی سروس کی اطلاع دی گئی ہے جس سے Online ویزا فارم پُر کرنا نسبتاً آسان کر دیا گیا ہے۔ اِس سروس کو استعمال کرنے کے لئے ڈبے میں درج عبارت کے تیسرے پیراگراف میں **New Service** پر کلک کریں۔ اگلے صفحے پر سوالات سمجھنے کے لئے اپنی مرضی کی زبان کے دائرے میں کلک کریں۔ البتہ جوابات صرف انگریزی میں ہی دیئے جا سکتے ہیں۔ اُس سے اگلے صفحے پر Select your visa type کے ذیل میں Standard Visitor visa کے دائرے میں کلک کریں۔ اور آگے آنے والے سوالات کے جوابات دیتے جائیں۔ اہم بنیادی سوالات کے ممکنہ جوابات درج ذیل ہیں:۔

What is the main reason for your visit to the UK? کے جواب میں Other کے دائرے میں کلک کریں۔ Are you visiting the UK for any of the following reasons? کے جواب میں I am visiting for another reason کے دائرے میں کلک کریں۔ Explain in full what you will do in the UK..... کے نیچے ڈبے میں To Attend Ahmadiyya Convention UK لکھیں۔

اگر کوئی درخواست دہندہ ملازمت نہیں بھی کر رہا تو اُس کو Kindergeld یا Sozialgeld, Arbeitlosengeld, Rente, BAföG وغیرہ کی شکل میں جو آمد ہوتی ہے اُسے اِس فارم میں مندرجہ ذیل طریق سے درج کیا جا سکتا ہے:۔

Do you have another income or any savings ? کے جواب میں Other regular income کے دائرے میں کلک کریں۔ ساتھ ہی اُس کے نیچے دیئے گئے ڈبوں میں سے متعلقہ ڈبے یا ڈبوں میں کلک کریں۔ ورنہ صرف Another income کے ڈبے میں کلک کریں۔ اُس سے آگے Total amount of money that you get in a year کے جواب میں ملازمت یا کاروبار کے علاوہ پورے سال کی آمد یورو یا پاؤنڈ میں درج کریں۔ پھر اگر کوئی Savings نہیں ہے تو I do not have any other income or savings کے ڈبے میں کلک کریں۔ اِن سوالات کے علاوہ آمد اور خرچ کے بارے میں سادہ سے سوالات ہیں جن کے جواب آپ اپنے اخراجات کے مطابق دے سکتے ہیں۔

برطانیہ میں رہائش کے حوالے سے سوالات کے جوابات درج ذیل ہیں:۔

Have you already made arrangements where to stay in the UK? کے جواب میں Yes کے دائرے میں کلک کریں۔ اُس سے آگے Where you are planning to stay in the UK ? کے نیچے بڑے ڈبے میں میزبان کے طور پر Ahmadiyya Muslim Association UK کا نام لکھیں۔ اُس کے نیچے دیئے گئے ڈبوں میں 181 London Road, Morden, Surrey, SM4 5PT کا ایڈریس لکھ دیں۔

اپنے Current status کے بارے میں پوچھے گئے سوال What permission do you have to be in Germany ? کے جواب میں I am a permanent resident کے دائرے میں کلک کریں۔ Visa Options کے ذیل میں 6-month کے دائرے میں کلک کریں۔ Choose

a service کے ذیل میں Standard service کے دائرے میں کلک کریں۔

ویزا فارم کے آخر پر Confirm Application اور Submit Application کرنے کے بعد Declaration کے Signature والے ڈبے میں درخواست دہندہ کا نام ٹائپ کریں۔ اُس کے بعد Appointment لینی ہے۔ Visa Appointment Type میں Standard (Incl. Priority Appointment) کا انتخاب کریں۔ اِس کے بعد 3 گھنٹے کے اندر ویزا اور سروس فیس (Euro 106,- + Euro 67,-) ادا کرنی ہے ورنہ Appointment کینسل ہوجائے گی۔

جس کے بعد ویزا فارم کے اُس صفحے کے نیچے دیئے گئے TLScontact کے لنک (https://uk.tlscontact.com/de/splash.php) پر جا کر اگر پہلے سے Account نہیں ہے تو Create an account پر کلک کر Account بنا کر log in ہوں اور Courier چارجز (Euro 30.00) ادا کریں۔ مذکورہ بالا ویزا اور سروس فیس اور Courier چارجز ناقابلِ واپسی ہیں جو ہر چھوٹے بڑے کو ادا کرنے ہوں گے خواہ اس کی عمر ایک دن ہی کیوں نہ ہو۔ (مثلاً جلسہ پر جانے والے کسی بچے کا اندراج والدہ یا والد کے پاسپورٹ پر ہے تو والد یا والدہ کے علاوہ اس بچے کی طرف سے بھی تمام مذکورہ رقوم ادا کرنی ہوں گی)۔

## 6 ماہ والے اِس عام وزٹ ویزا کے لئے مندرجہ ذیل کاغذات ویزا فارم کے ساتھ لے جائیں۔

**(۱) اصل پاسپورٹ اور اُس کے کوائف والے صفحات کی A4 سائز میں ایک کاپی۔ اسی طرح Aufenthaltstitel کا اصل کارڈ اور A4 سائز میں ایک کاپی۔**

**(۲) جماعت کی طرف سے جاری کردہ اصل دعوت نامہ۔**

**(۳) برطانیہ آنے جانے اور قیام کے دوران اخراجات کی استطاعت کے ثبوت کے طور پر گزشتہ تین ماہ کے بنک اسٹیٹمنٹ یا ontoauszüge یا Saving Book۔ بنک میں اِن اخراجات کے لئے معقول رقم موجود ہونی چاہئے جو اسٹیٹمنٹ میں ظاہر ہو۔ Kontoauszüge کی A4 سائز کی فوٹو کاپی ساتھ لے کر جائیں۔**

**(۴) جو درخواست دہندگان ملازمت کرتے ہیں وہ اپنی گزشتہ 3 ماہ کی اصل Lohnabrechnungen ساتھ لے کر جائیں۔ ملازمت نہ کرنے والے احباب و خواتین Jobcenter یا Arbeitsamt وغیرہ سے ملنے والا تازہ اصل Bescheid ساتھ لے جائیں۔ اگر اپنا کاروبار ہے تو اس کے ثبوت کے طور پر اصل Gewerbeanmeldung اور اُسکی فوٹو کاپی اور کاروبار کی موجودہ صورتحال کے بارے میں بنک اسٹیٹمنٹ اور Steuererklärung وغیرہ۔ اگر طالبعلم ہیں تو اسکول یا یونیورسٹی کی Bescheinigung کہ آپ وہاں تعلیم حاصل کر رہے ہیں جو تعطیلات کے بعد بھی جاری رہے گی۔**

☆ احبابِ جماعت جلسہ سالانہ برطانیہ کے لئے حاصل کردہ ویزا کو جلسہ میں شمولیت کے علاوہ کسی اور مقصد مثلاً برطانیہ میں تعلیم حاصل کرنے، وہاں پر شادی کرنے، وہاں مستقل سکونت اختیار کرنے یا وہاں پر اسائلم کیس کرنے کے لئے استعمال نہیں کریں گے۔ ایسا کرنے والوں کے خلاف سخت انضباطی کارروائی کی جائے گی۔

## ہدایات برائے حصول دعوت نامہ

جرمنی سے جانے والے تمام مہمانوں کے لئے جلسہ گاہ میں داخلہ جماعت احمدیہ جرمنی کے AIMS ID Card کے ذریعے ہوگا۔ **اس لئے جرمن نیشنیلٹی رکھنے والوں کو جلسہ سالانہ برطانیہ کا جماعتی دعوت نامہ درکار نہیں ہوگا۔ اسی طرح اگر اُن کے غیر جرمن خاوند، بیوی یا Dependent بچے اُن کے ساتھ برطانیہ جانے کے لئے Family Permit visa اپلائی کرتے ہیں تو اُن کو بھی دعوت نامے کی ضرورت نہ ہوگی۔ اس لئے ایسا ویزا اپلائی کرنے والوں یا جرمن نیشنیلٹی رکھنے والوں کے کوائف ہرگز نہ بھجوائیں۔** البتہ Standard Visitor visa اپلائی کرنے والے ہر غیر جرمن مہمان کے لئے یہ دعوت نامہ حاصل کرنا ضروری ہوگا تا کہ ویزا کی درخواست کے ساتھ پیش کیا جاسکے اور عندالطلب برطانیہ میں داخلہ کے وقت دکھایا جاسکے۔ **صدران کرام ایسے مہمانوں کے کوائف منسلکہ FORM B پر 01 اپریل سے 30 جون 2017 تک ارسال کرسکتے ہیں۔ ہر چند کہ فہرستیں بھجوانے کی آخری تاریخ 30 جون 2017 ہے تاہم صدرانِ کرام جس قدر جلد ممکن ہو فہرستیں ارسال کردیں۔ اِس**

**مقصد کے لئے آخری تاریخ یا آخری نام کا انتظار نہ کریں بلکہ جو کوائف بھی ملیں ارسال کرتے رہیں تاکہ درخواست دہندگان جلد ویزے حاصل کرسکیں۔** فہرستوں کے ہمراہ صدران جماعت یہ بھی تصدیق بھجوائیں کہ انہوں نے اپنی جماعت میں شامل تمام احباب وخواتین کو جلسہ سالانہ انگلستان کے بارے میں مکمل تفصیلات بہم پہنچادی ہیں۔

**FORM B** کی حسبِ ضرورت فوٹو کاپیاں کروالیں۔خود ساختہ یا پُرانے فارم استعمال نہ کریں۔کوائف صاف، خوشخط اور انگلش کے بڑے حروف تہجی میں پاسپورٹ کے مطابق لکھے جائیں۔ **FORM B جماعت کی ویب سائٹ ahmadiyya.de پر بھی موجود ہے جہاں سے Download کرکے fill اور Print کیا جاسکتا ہے۔اگر ایسا کریں گے تو اندراج کرتے وقت دعوت ناموں میں غلطی کا امکان نہیں رہے گا۔لہٰذا اِس سہولت سے ضرور فائدہ اُٹھائیں۔**

صدرانِ جماعت فہرستوں پر دستخط کرکے صفحات نمبر اور تاریخ ضرور لکھیں۔صرف ایسے احباب وخواتین کے نام بھجوائیں جو واقعۃً جلسہ سالانہ پر جانا چاہتے ہوں۔ جن بچوں کا اندراج والدین کے پاسپورٹ پر ہو اور وہ اُن کو بھی جلسہ سالانہ پر لے جانا چاہتے ہوں تو اُن کے نام بھی دعوت ناموں والی فہرست میں شامل کریں تاکہ ان کے دعوت نامے علیحدہ تیار ہوسکیں۔ FORM B میں مرد اور غیر شادی شدہ خواتین اپنے والد کا نام جبکہ شادی شدہ خواتین اپنے خاوند کا نام درج کریں۔جو افرادِ جماعت پیدائشی احمدی نہ ہوں اُن کی تاریخ بیعت بھی درج کریں۔ جن افراد نے گذشتہ 3 سال میں بیعت کی ہو اور وہ پہلی دفعہ جلسہ سالانہ پر جارہے ہوں اُن کے کوائف شعبہ تبلیغ اور امور عامہ سے اجازت حاصل کرکے درج کریں۔اگر مزید معلومات درکار ہوں تو متعلقہ نمائندہ امور خارجہ یا لوکل / ریجنل امیر صاحب سے رابطہ کریں۔

فہرستیں بھیجتے وقت ایڈریس کے ساتھ "**Shoba Amure Kharja**" اور لفافے کے ایک کونے پر "**Jalsa UK List**" بھی ضرور لکھیں۔دعوت نامے صرف بذریعہ پوسٹ یا صدرانِ جماعت کی وساطت سے بھجوائے جائیں گے، خود آکر وصول کرنے یا کسی اور کے ذریعہ سے بھجوانے پر مجبور نہ کریں۔

☆ **ایسے احباب جن کے اسائلم کیس چل رہے ہیں، مروّج برطانوی قوانین کے مطابق اُن کے لئے برطانوی ویزا کا حصول ممکن نہیں، خواہ اُن کے پاس چھ ماہ یا اُس سے زائد والا Aufenthaltsgestattung یا Abschiebeduldung ہو۔لہٰذا اُن کے نام فہرستوں میں شامل نہ کریں۔**

☆ **یہ ہدایات جماعت احمدیہ جرمنی کی ویب سائٹ کے مندرجہ ذیل لنک پر بھی موجود ہیں:۔**

**http://www.ahmadiyya.de/events/jalsa-salana-jahresversammlung/**

**اس کے علاوہ ان ہدایات میں ہونے والی ممکنہ ترامیم یا نئی ہدایات بھی مذکورہ بالا ویب سائٹ پر موجود ہوں گی۔ online visa form پُر کرنے سے پہلے ویب سائٹ چیک کرلیں کہ کوئی نئی ہدایت تو نہیں جاری ہوئی۔اگر کوئی وضاحت درکار ہو تو شعبہ امورِ خارجہ سے سہ پہر 6 بجے سے شام 10 بجے تک ٹیلی فون نمبر 069-50688641 پر رابطہ کریں۔عند الضرورت مکرم رفیع اللہ خان صاحب سے ٹیلی فون نمبر 0177-7984-371 پر بھی رابطہ کیا جاسکتا ہے۔**

**خاکسار**

**راجہ محمد یوسف خان**
**(ایڈیشنل نیشنل سیکرٹری امور خارجہ)**

**26.03.2017**

**Email:rmyousuf631@gmail.com**

## Visa Applications جمع کرانے کے لئے Visa Application Centres کے ایڈریس اور اوقاتِ کار درج ذیل ہیں

Visa Application Centre (VAC)
Bismarckstrasse 101
40210 **Düsseldorf**
( Monday to Friday 08:30 to 12:00 & 13:30 to 15:30)

Visa Application Centre(VAC)
Regus Berlin Kudamm
Kurfürstendamm 21
10719 **Berlin**
( Monday to Wednesday09:00 to 14:30)

Visa Application Centre(VAC)
Altheimer Eck 11
1st Floor
80331 **München**
( Monday to Wednesday09:00 to 14:30)